۳۳/۲ ۲۰ ، تین روپے آٹھ آنے پتہ :- ابنائے مولوی محمد بن غلام رسول سعدی - جامع محلہ بمبئی ۳

خیر کثیر حضرت شاہ ولی اللہ الدہلوی کا مشہور رسالہ ہے جس میں آپ نے مسائلِ تصوف اور بعض مادرار الطبعیاتی مسائل کے ساتھ ساتھ اسلامی احکام وعبادات کے اسرار و رموز سے بحث کی ہے یہ رسالہ اگرچہ مختصر ہے لیکن اس کو درحقیقت حضرت شاہ صاحب کے فلسفہ کا متن سمجھنا چاہیئے۔ مولانا عبدالرحیم صاحب پشاوری نے سہل وسلیس اور شگفتہ اُردو میں اس کا ترجمہ کرکے اُردو داں طبقہ پر بڑا احسان کیا ہے کہ اب وہ بھی اس گنجینۂ حکم سے فیض یاب ہو سکتے ہیں۔

حسرت کی سیاسی زندگی

از جناب عبدالقوی صاحب دسنوی تقطیع متوسط ضخامت ۷۲ صفحات طباعت وکتابت بہتر قیمت عہ

پتہ :- رائٹرس امپوریم لمیٹڈ - ہیومنز بلڈنگ - فیروز شاہ مہتا روڈ بمبئی ۱

مولانا حسرت موہانی شاعر ہونے کے علاوہ بہت اونچے درجہ کے سیاسی لیڈر بھی تھے لیکن ان کی سیاست پر بہت سے دور آئے اور گذر گئے اور اس راہ میں کبھی اُن کو کسی ایک مقام پر رکنا اور ٹھہرنا نصیب نہیں ہوا۔ عبدالقوی صاحب نے اس مقالہ میں مولانا مرحوم کی اسی سیاسی زندگی کے مختلف پہلو دکھائے ہیں۔ اس مقالہ سے یہ بھی معلوم ہوگا کہ حسرت کی شاعری اور سیاست دونوں ایک دوسرے سے بالکل بے جوڑ اور بے تعلق نہیں تھے زبان صاف اور شگفتہ ہے۔

گنج طلسم

از شاہ نعمت اللہ ولی مرتبہ و مترجمہ ڈاکٹر ایم حفیظ سید تقطیع کلاں ضخامت ۴۰ صفحات کتابت وطباعت بہتر قیمت عہ پتہ :- سب رس کتاب گھر - خیریت آباد - حیدرآباد دکن۔

حضرت شاہ نعیم الدین نعمت اللہ ولی گولکنڈہ کے مشہور صاحب طریقت بزرگ ہیں جنہوں نے سلطان محمد قلی قطب شاہ کے عہد میں گویا اب سے پونے چار سو برس